## ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، شریف الدین پیرزادہ، سابق اٹارنی جنرل جسٹس ملک قیوم، صنعتکار ارشد وہرہ، میر شکیل الرحمٰن، پی جے میر، جیسمین منظور اور دیگر شخصیات کا اظہار تعزیت

## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے بڑی تعداد میں فون، فیکس اور ای میل پر تعزیتی پیغامات

کراچی ۔۔۔23، اکتوبر 2008ء۔۔۔مختلف اہم سیاسی و سماجی شخصیات نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے انکے کزن اور رکن سندھ اسمبلی محترمہ مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی مرحوم کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی نے گزشتہ شب انٹرنیشنل سیکریٹریٹ فون کرکے جناب الطاف حسین سے تعزیت کی اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔اس کے علاوہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سابق وفاقی وزیر قانون شریف الدین پیرزادہ، سابق اٹارنی جنرل جسٹس ملک قیوم، ممتاز صنعتکار ارشد وہرہ، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار، دیگر ارکان رابطہ کمیٹی وارکان قومی اسمبلی، جنگ گروپ کے ایڈیٹر انچیف میر شکیل الرحمٰن ،اے آر وائی کے ممتاز اینکر پی جے میر، بزنس پلس کی ممتاز اینکر جیسمین منظور، جنگ گروپ کے مینیجر اسپیشل سپلیمنٹ حلیم قریشی، میر پور خاص ڈسٹرکٹ کے ڈسٹرکٹ نائب ناظم غلام دستگیر، حیدر آباد کے سٹی تعلقہ کے نائب ناظم خالد حسین نے بھی فون کرکے جناب الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال پر تعزیت کی ۔ اس کے علاوہ ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ پر پاکستان کے مختلف شہروں کے علاوہ امریکہ، کینیڈا، بیلجیئم، ساؤتھ افریقہ، آسٹریلیا اور دیگر ممالک سے ایم کیوایم کے کارکنوں کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے جناب الطاف حسین سے ان کے کزن کے انتقال پر تعزیت کی اور مرحوم کیلئے دعائے مغفرت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اظہار تعزیت کرنے والی تمام شخصیات کا شکریہ ادا کیا ہے۔

## الطاف حسین کے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کا سوئم جمعہ کو ہوگا

## حق پرست کارکنان وعوام قرآن خوانی کے اجتماع میں بھرپور شرکت کریں، رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔23، اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے سگے ماموں زاد بھائی،سلسلہ وارثیہ کے بزرگ حضرت یاسین وارثی کے صاحبزادے اور ایم کیوایم کی رکن سندھ اسمبلی محترمہ مسرت بانو وارثی کے شوہر سعید وارثی مرحوم کا سوئم کل بروز جمعہ کو ہوگا۔سوئم کے سلسلے میں بعدنماز جمعہ مرحوم کی رہائش گاہ واقع مکان نمبر ایل390 سیکٹر D-5 سرجانی ٹاؤن نزد کے ڈی اے فلیٹس میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست کارکنان وعوام سے اپیل کی کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے سگے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے سوئم میں بھرپور شرکت کریں۔

## بجلی کے نرخوں میں کیا جانے والا اضافہ فی الفور واپس لیا جائے۔الطاف حسین

## صدر آصف زرداری بجلی کے نرخوں میں کیے جانے والے اضافہ کو واپس کرانے کیلئے فوری مداخلت کریں

## بجلی کے نرخوں میں اضافہ اور توانائی کے بحران کے معاملے میں ایم کیوایم عوامی جذبات کے ساتھ ہے۔الطاف حسین

لندن ۔۔۔23 اکتوبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی کابینہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک بھر میں بجلی کے نرخوں میں کیا جانے والا اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک میں بجلی کے بحران پر قابو پانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ کراچی میں کے ای ایس سی کی جانب سے عام صارفین اور صنعتی وتجارتی صارفین کیلئے بجلی کے نرخوں میں 70 فیصد اضافہ کیا جاچکا ہے،اسی طرح پنجاب، سرحد اور بلوچستان میں بھی عام صارفین کے بجلی کے بلوں میں کئی گنا اضافہ ہوچکا ہے جبکہ دوسری جانب عوام بجلی سے بھی محروم ہیں جسکے باعث آج ملک بھر کے عوام خصوصاً غریب اور متوسط طبقہ کے سے تعلق رکھنے والے عوام شدید مشکلات اور پریشانیوں سے دوچار ہیں اور سراپا احتجاج بنے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بجلی کی عدم فراہمی اور طویل لوڈشیڈنگ کی وجہ سے صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہورہی ہیں اور تاجر وصنعتکار برادری بھی سڑکوں پر آکر احتجاج کرنے پر مجبور ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ غربت ومہنگائی اور فاقہ کشی کے مارے عوام کیلئے بجلی کے نرخوں میں کئی گنا اضافہ ناقابل برداشت ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی کے نرخوں میں اضافہ اور

توانائی کے بحران کے معاملے میں ایم کیوایم عوامی جذبات کے ساتھ ہے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری سے مطالبہ کیا کہ وہ بجلی کے نرخوں میں کیے جانے والے اضافہ کوواپس کرانے کیلئے فوری مداخلت کریں اوربجلی کی لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کرنے کیلئے مؤثر اقدامات کئے جائیں اورعوام کوبجلی کے بحران سے نجات دلائی جائے۔

## حق پرست عوام،محمد ندیم کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔23،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی سول اسپتال یونٹ کے رکن محمد ندیم کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں،بہنوں،بزرگوں اورکارکنوں سے اپیل کی کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور محمد ندیم کی صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں۔

## ایم کیوایم کے تین ارکان قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمین بلامقابلہ منتخب

اسلام آباد۔۔۔23، اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی ڈاکٹرعبدالقادرخانزادہ کووزارت سائنس وٹیکنالوجی،ڈاکٹرندیم احسان کووزارت صحت اورایس اے اقبال قادری ایڈووکیٹ کووزارت پارلیمانی امورکی قائمہ کمیٹیوں کے بلامقابلہ چیئرمین منتخب کرلیا گیا ہے۔قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمین کے انتخابات کیلئے قائمہ کمیٹیوں کے الگ الگ اجلاس پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوئے۔منگل کے روز ہونیوالے قائمہ کمیٹیوں کے اجلاسوں کی نگرانی اسپیکرقومی اسمبلی ڈاکٹرفہمیدہ مرزااورڈپٹی اسپیکرفیصل کریم کنڈی نے کی۔انتخابات مکمل ہونے کے بعداسپیکرقومی اسمبلی محترمہ ڈاکٹرفہمیدہ مرزااورڈپٹی اسپیکرفیصل کریم کنڈی نے نومنتخب چیئرمینوں کومبارکباددی اورکہا کہ قائمہ کمیٹیوں کے انتخابات مکمل ہونے سے قانون سازی میں مدد ملے گی۔

## پی آئی اے میں ساسا کے الیکشن میں پروگریسوپینل کی کامیابی پرلیبرڈویژن کی مبارکباد

کراچی۔۔۔23، اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پاکستان لیبرڈویژن کے انچارج واراکین مرکزی کمیٹی نے پی آئی اے میں ساسا کے الیکشن پروگریسوپینل کی شاندارکامیابی پرنومنتخب عہدیداران کودلی مبارکباد پیش کی ہے۔ایک تہنیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ کامیابی دراصل یونائیٹڈآفسرز کی جانب سے غیرمشروط حمایت اور عہدیداران وہمدردگان کی پوری تائیدوحمایت کانتیجہ ہےاورغیرمشروط حمایت دراصل قائدتحریک الطاف حسین کی ملکی بقاءاورسلامتی کیلئے کی جانے والی کوششوں اورپاکستانی عوام میں اتحادویکجہتی اورمفاہمت کے عمل کاتسلسل ہے۔انہوں نے کہا کہ یونائیٹڈآفیسرپینل ان تمام افسران کادل کی گہرائیوں سے شکریہ کیا جنہوں نے یونائیٹڈآفیسرپینل کی مکمل حمایت کے پیش نظراپناحق رائے دہی پروگریسوپینل کیلئے استعمال کیا۔اب پروگریسوپینل پردوہری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔اسے چاہئے کہ وہ اپنے تمام ووٹرزکونہ صرف ساتھ لیکرچلیں بلکہ ان کے مسائل وجائزحقوق کہ حصول کیلئے اپنی تمام توتوانائیوں کوبروئے کارلاکرمسائل حل کرائیں۔اس موقع پردس یوم تک فلائٹ سروسز،پریسیشن انجینئرنگ کے افسران نے جس طرح اپنی محکمہ جاتی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ اپنے ووٹ کااستعمال کیاوہ لائق تحسین ہیں۔اس موقع پرالیکشن کیساتھ ساتھ جس طرح افسران نے تمام آپریشنزبھی جاری وساری رکھے۔افسران کایہ عمل قدرتی نگاہ سے دیکھا جائیگا۔پروگریسوپینل کے پورے پینل کی بھرپورکامیابی پرتمام عہدیداران مبارکباد کے مستحق ہیں۔

## ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کی رکن سلمیٰ آغا کی خالہ انتقال کرگئیں،سوسائٹی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا
## نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست نمائندوں اورشعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افرادکی شرکت

کراچی۔۔۔23،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے رکن سلمیٰ آغا کی خالہ محترمہ طاہرہ علوی گزشتہ روزدبئ میں انتقال کرگئیں(انااللہ واناالیہ راجعون)۔مرحومہ کی عمر65 سال تھی اورعرصہ درازسے بیمارتھی۔دریں اثناءمرحومہ طاہرہ علوی کوآج بعدنمازظہرسوسائٹی قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا،مرحوم کی نمازجنازہ الفلاح مسجدسوسائٹی میں اداکی گئیں،نمازجنازہ اورتدفین میں حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب،ڈاکٹرمحمدعلی شاہ،ارکان اسمبلی ،سابق حق پرست ارکان اسمبلی،ٹاؤن ناظمین،نائب ٹاؤن ناظمین،یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم کے علاقائی سیکٹرزویونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اورریڈیو،ٹی وی فلمی صنعت سے وابسطہ افرادنے تعدادمیں شرکت کی۔مرحومہ کاسوئم بعدنمازجمعہ جامع مسجدالفلاح سوسائٹی میں ہوگاجس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔مزیدبراں

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ڈیفنس کلفٹن ریزیڈنٹس کمیٹی کے رکن ومعروف اداکارہ سلمیٰ آغا سے انکی خالہ محترمہ طاہرہ علوی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## عبدالمصطفیٰ،سید بشاحت علی،بھوراں بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن شاہد مصطفیٰ قریشی کے والد عبدالمصطفیٰ قریشی،ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 85 کے کارکن بختیار علی کے والد سید بشاحت علی انوار اور ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون یونٹ A-16 کے کارکن فخر والدین قریشی کی والدہ بھوراں بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر ایم کیوایم حیدرآباد زون کے دوکارکنان تنظیم سے خارج

کراچی۔۔۔23،اکتوبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی وغیر اخلاقی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ڈی یونٹ A-7 کے کارکنان کامران ولد ظہور احمد،عقیل احمد ولد شاہنواز خان کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے خارج اور معطل کیے گئے مذکورہ کسی بھی فرد سے ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

## قائد تحریک الطاف حسین سے محبان پاکستان کا اظہار افسوس

ریاض۔۔۔23،اکتوبر2008ء۔۔محبان پاکستان سعودی عرب کے آرگنائزر عزیز خان کو آرڈینیٹر مڈل ایسٹ اور سینٹرل کمیٹی کے تمام اراکین نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے انکے ماموں زاد بھائی سعید وارثی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سعید وارثی کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطافرمائے اورسوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆